منتخب رقت انگیز
کلام
حضرت پیر سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ
مرتب
الحافظ القاری مولانا غلام حسن قادری
مفتی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور
انس پبلیکیشنز لاہور

منتخب رقت انگیز
کلام
حضرت پیر سید وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ
مرتب
الحافظ القاری مولانا غلام حسن قادری
مفتی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور
انس پبلیکیشنز
40-اُردو بازار، لاہور
Mob: 0300-8852283

نام کتاب: .... کلام حضرت پیر سید وارث شاہؒ

مرتب: .... الحافظ القاری مولانا غلام حسن قادری

کمپوزنگ: .... محمد زاہد اقبال

ڈیزائننگ: .... ڈیسنٹ گرافکس (سخاوت حسین)

صفحات: 144

اشاعت: .... جولائی 2014ء

تعداد: 1100

ناشر: .... انس پبلیکیشنز لاہور

قیمت: .... -/130 روپے

ملنے کے پتے

انس پبلیکیشنز
40-اُردو بازار، لاہور
Mob: 0300-8852283

اکبر بک سیلرز
زبیدہ سنٹر 40-اُردو بازار
لاہور فون: 042-37352022

فہرست

حرفِ آغاز

شروع نام اس ذات پاک سے جو ساری دنیا کے لئے رحمان و رحیم و کریم ہے۔ اللہ عزوجل جو بے مثل پیدا کرنے والا، حجابات اٹھانے والا، ہر شکل صورت سے منزہ و مبرا ہے۔ جس نے اپنی حکمت کے زیر اثر اور اپنی رضا و منشاء کے تحت تمام مخلوقات کو تخلیق کیا اور ان تمام مخلوقات میں سے حضرت انسان کو اشرف المخلوقات کا شرف بخشتے ہوئے اسے علوم وفنون کے اعلیٰ ترین وصف سے نوازا اور پھر اسے اپنی نیابت بخش کر کرۂ ارض پر اپنا خلیفہ مقرر کیا اور اسے ساتھ ہی شرف ہدایت بخشا تا کہ وہ ذاتِ الٰہی کا پرتو بن کر دنیا میں ہدایت و تعلیم کے ذریعہ انسانیت کو گمراہی میں گرنے سے بچا سکے اور صراط مستقیم کی تلقین کے ذریعہ انسانیت کے قبلہ کو ٹیڑھا ہونے سے بچا سکے۔

انسان اپنی زندگی یادِ الٰہی سے غفلت میں بسر کرتا ہے اور دنیا کی زیب و زینت اور اس کی آسائشوں میں کھو کر اپنی آخرت کو بھلا بیٹھتا ہے۔ اللہ عزوجل نے انسان کو ترغیب دی کہ وہ نیک اعمال کے ذریعے اپنے ظاہر اور باطن کو آراستہ کرے مگر وہ اللہ عزوجل کے فرمان کو بھول بیٹھا اور اس نے اپنی حقیقی زندگی کی تیاری کی بجائے اپنی فانی زندگی کو سنوارنے میں اپنا وقت ضائع کر دیا پھر ملک الموت موت کا بلاوا لے کر آن پہنچتا ہے اور انسان کی دنیا میں قیام کی مدت ختم ہو جاتی ہے اور اگر اس نے اپنی اس عارضی قیام گاہ میں اللہ عزوجل کو راضی کر لیا تو

اسے اپنی اخروی زندگی میں کسی ندامت کا سامنا نہ کرنا پڑے گا اور اگر اس نے اپنی اس عارضی قیام گاہ میں دنیا کو سنوارنے میں وقت برباد کر دیا تو پھر اس کے لئے ماسوائے پچھتاوے کے کچھ نہ ہوگا۔

سرزمین پنجاب میں یوں تو کئی صوفی شعراء مدفون ہیں جنہوں نے اپنے عارفانہ کلام کے ذریعے لوگوں کی اصلاح کا فریضہ انجام دیا اور انہیں ذکر و فکر الٰہی کی جانب مائل کیا مگر ان صوفی شعراء میں حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو امتیازی مقام حاصل ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ قادر الکلام شاعر تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق سادات گھرانے سے تھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کو تمام مروجہ دینی و دنیاوی علوم پر عبور حاصل تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی شہرت کی بڑی وجہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی معرکۃ الآراء تصنیف ''ہیر وارث شاہ'' ہے جس میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ہیر رانجھے کے قصے کو منظوم کیا اور اسے ایک لازوال قصہ بنا دیا۔

زیرِ نظر کتاب میں حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا چیدہ چیدہ منتخب کلام پیش کیا گیا ہے تاکہ دلوں کو راحت و تسکین کا سامان میسر آئے اور عشق کی رنگینیوں اور اس کے سحر میں ڈوب کر حاملین عشق الٰہی بن کر اپنی زندگیاں سنواریں۔ یہی فقیر کی دعا ہے۔

O---O---O

حضرت سیّد وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسب:

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا نام مبارک ''وارث شاہ'' ہے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار کا نام سیّد گل شیر شاہ رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ حسینی سیّد ہیں مگر آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ نسب کے متعلق کتب سیر میں مختلف آراء موجود ہیں۔ کتب سیر میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب یوں بیان ہوا ہے۔

۱۔ حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۲۔ بن حضرت سیّد گل شیر شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۳۔ بن حضرت سیّد گلے شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۴۔ بن حضرت سیّد احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۵۔ بن حضرت سیّد تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ
۶۔ بن حضرت سیّد یعقوب شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۷۔ بن حضرت سیّد رحمت اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۸۔ بن حضرت سیّد رضا الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۹۔ بن حضرت سیّد مرتضیٰ شاہ رحمۃ اللہ علیہ
۱۰۔ بن حضرت سیّد بدر الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۔ بن حضرت سیّد دیوان سلطان صدر الدین محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۔ بن حضرت سیّد محمود مکی شیر رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۔ بن حضرت سیّد شجاع رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۔ بن حضرت سیّد ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۔ بن حضرت سیّد قاسم رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۔ بن حضرت سیّد زید رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۔ بن حضرت سیّد جعفر رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۔ بن حضرت سیّد حمزہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۔ بن حضرت سیّد ہارون رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۔ بن حضرت سیّد عقیل رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۔ بن حضرت سیّد اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۔ بن حضرت سیّد علی اصغر رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۔ بن حضرت سیّد جعفر ثانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۔ بن حضرت سیّد امام نقی رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۔ بن حضرت سیّد امام تقی رحمۃ اللہ علیہ

۲۶۔ بن حضرت سیّد امام موسیٰ رضا رحمۃ اللہ علیہ

۲۷۔ بن حضرت سیّد امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ

۲۸۔ بن حضرت سیّد امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ

۲۹۔ بن حضرت سیّد امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ

۳۰۔ بن حضرت سیّد امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

۳۱۔ بن حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

۳۲۔ بن حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

ولادت باسعادت:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش کے متعلق کتب سیر میں متعدد آراء پائی جاتی ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سن وصال اور سن پیدائش اختلافات کا شکار رہا ہے اور اسی طرح آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حالات و واقعات کے متعلق بھی کتب سیر میں کچھ زیادہ بیان نہیں ہوا ہے۔

سیّد طالب بخاری نے حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے بھائی حضرت سیّد قاسم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے ایک شعر سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۱۳۰ھ بیان کیا ہے۔

یارا سے تیہہ ہجری آیا پنج ربیع الثانی
دن جمعے دا وقت تہجد جمیا وارث جانی

"۵ ربیع الثانی ۱۱۳۰ھ کو ولادت ہوئی اور اس وقت جمعہ کا دن اور تہجد کا وقت تھا جب وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے۔"

ڈاکٹر اختر جعفری نے حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۱۱۴ھ جبکہ حفیظ تائب اور غلام رسول آزاد نے ۱۱۲۲ھ اور چوہدری محمد افضل نے ۱۱۳۰ھ بیان کیا ہے جبکہ شائستہ نزہت نے اپنے پی ایچ ڈی مقالہ میں حضرت سیّد قاسم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے شعر کے حوالہ سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۱۳۰ھ بیان کیا ہے۔

پروفیسر حمید اللہ شاہ ہاشمی نے حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے قصیدہ بردہ شریف کا پنجابی منظوم ترجمہ کیا ہے جس میں حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ بردہ شریف کو تحریر کرنے کا سال اور اپنے وطن کا ذکر ذیل کے اشعار کے ذریعے کیا ہے۔

ناؤں مصنف سیّد وارث وِچ جنڈیالے وَسّے
جیہڑا شیر خاں غازی بدھا سبھ کو اوتھے وَسّے
یاراں سو بونجا ہجری جد اے ظاہر ہوئے
تاں ایہہ بیت جواہر موتی لڑیاں وانگ پروئے
ایہہ ترجمہ راس کیتا میں اوس شرح تھیں بھائی
حضرت میئیں جمال چنابی جیہڑی شرح بنائی

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ بردہ شریف ۱۱۵۲ھ بمطابق ۱۷۳۹ء میں کیا اور اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عمر مبارک انیس یا بیس برس تھی اور یوں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش ۱۷۲۰ء نکلتی ہے۔

حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق اپنی آراء کا اظہار ان اشعار کے ذریعے کیا ہے۔

وارث شاہ سخن دا وارث نندے کون انہاں نوں
حرف اوہدے تے انگل دھرنی ناہیں اساں نوں

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ ضلع شیخوپورہ کے نواحی علاقے اور ایک معروف قصبے جنڈیالہ شیرخاں میں پیدا ہوئے اور اسی جگہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا وصال بھی ہوا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جنڈیالہ شیرخاں کے متعلق اپنے ذیل کے شعر میں بیان کیا ہے۔

وارث شاہ وسنیک جنڈیالڑے دا شاگرد مخدوم قصور دا اے

جنڈیالہ شیرخاں ضلع شیخوپورہ سے شمال جنوب کی جانب قریباً آٹھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور منشی گوپال داس نے ''تاریخ گوجرانوالہ'' میں بیان کیا ہے کہ مغل بادشاہ اکبر کے زمانہ میں شیرخاں پٹھان نامی ایک شخص شاہی ملازم تھا

اور اس کا شمار امراء میں ہوتا تھا اس نے اپنے نام سے ضلع شیخوپورہ کے نواح میں ایک قصبہ آباد کیا جس کا نام اس کے نام پر "شیر کوٹ" رکھا گیا۔

مفتی غلام سرور قادری لکھتے ہیں کہ جنڈیالہ شیر خاں کو شیر خاں افغانی نے آباد کیا اور اس کا پہلا نام شیر کوٹ تھا جبکہ جنڈیالہ کا لفظ یہاں موجود ایک ٹیلے کی وجہ سے مشہور ہو گیا اور اس جگہ کا نام جنڈیالہ شیر کوٹ ہو گیا پھر بعد میں وقت کے ساتھ یہ نام جنڈیالہ شیر خاں ہو گیا۔

ابتدائی تعلیم و تربیت:

حضرت سید وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ ابھی کم سن تھے گھر والوں نے ابتدائی تعلیم کے لئے جنڈیالہ شیر خاں کی مقامی مسجد میں بھیج دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی اس کے متعلق کتب سیر یکسر خاموش ہیں مگر یہ ضرور پتا چلتا ہے آپ رحمۃ اللہ علیہ جب ابتدائی تعلیم سے فارغ ہوئے تو مزید تعلیم کے لئے قصور تشریف لے گئے اور قصور میں ملک حافظ غلام مرتضیٰ رحمۃ اللہ علیہ جو مخدومِ قصور کے لقب سے مشہور تھے ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے شاگرد ہو گئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف "ہیر وارث شاہ" کے ایک شعر میں اس کا ذکر یوں کیا ہے۔

ایویں باہروں شان خراب وِچوں جویں ڈھول سہاونا دور دا اے
وارث شاہ وسنیک جنڈیالڑے دا شاگرد مخدوم قصور دا اے

"بظاہر شان و شوکت والوں کا باطن خراب ہوتا ہے جیسے دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہیں۔ وارث شاہ (رحمۃ اللہ علیہ) جنڈیالہ کا رہنے والا مخدوم قصور کا شاگرد ہے۔"

کتب سیر میں منقول ہے حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ابتدائی تعلیم کے بعد قصور شہر کا رخ کیا اور وہاں ملک حافظ غلام مرتضیٰ رحمۃ اللہ علیہ جو کہ جامع مسجد و مدرسہ حسین خاں میں صدر مدرس تھے ان کی شاگردی اختیار کی اور ظاہری علوم کی تکمیل کی۔

ڈاکٹر فقیر محمد فقیر لکھتے ہیں کہ حضرت بابا بلھے شاہ اور حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہم دونوں ہی ملک حافظ غلام مرتضیٰ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے اور جب ملک حافظ غلام مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو علم ہوا وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہیر لکھی ہے تو انہوں نے ناراضگی ظاہر کی پھر حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے قصور آ کر استاد کو ہیر کے اشعار سنائے جنہیں سننے کے بعد ملک حافظ غلام مرتضیٰ رحمۃ اللہ علیہ پر وجدانی کیفیت طاری ہو گئی۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے تمام نصابی کتب کی بھی تعلیم حاصل کی تھی اور اس زمانے میں رائج تمام نصابی کتب کا مطالعہ کیا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جن نصابی کتب کی تعلیم حاصل کی ان کے متعلق اپنی معرکۃ الآراء تصنیف "ہیر وارث شاہ" میں یوں بیان کیا ہے۔

پڑھن فاضل درس درویش مفتی خوب کڈھ الھان پرکاریا نیں
تعلیل میزان تے صرف بہائی صرف میر بھی یاد پکاریا نیں
قاضی قطب تے کنز انواع باراں مسعودیاں جلد سواریا نیں
خانی نال مجموعہ سلطانیاں دے اُتے حیرت الفقہ نواریا نیں
فتاویٰ برہنہ منظوم شاہاں نال زُبدیاں حفظ قراریا نیں
معارج النبوت خلاصیاں توں روضہ نال اخلاص پساریا نیں
زرادیاں دے نال شرح مُلّا زنجانیاں نحو نتاریا نیں
کرن حفظ قرآن، تفسیر دوراں غیر شرع نوں دُریاں ماریا نیں

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس زمانے کی تمام مشہور فارسی کتب کا بھی مطالعہ کیا اور ان کتب کے متعلق آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف ''ہیر وارث شاہ'' میں ذیل کے اشعار میں یوں بیان کیا ہے۔

اِک نظم دے درس ہر کرن پڑھدے نامِ حق اتے خالق باریاں نیں
گلستاں بوستاں نال بہار دانش طوطی نامہ تے رازق باریاں نیں
منشآت نصاب تے ابوالفضلاں شاہنامیوں واحد باریاں نیں
قِران السعدین دیوان حافظ شیریں خُسرواں لِکھ سواریاں نیں

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو بے شمار زبانوں پر عبور حاصل تھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے عربی، فارسی، پنجابی، ہندی، سنسکرت، بلوچی، سندھی اور دیگر کئی زبانوں کو سیکھا اور ان زبانوں پر آپ رحمۃ اللہ علیہ کو عبور حاصل تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو طبی علوم پر بھی دسترس حاصل تھی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس زمانے میں رائج تمام طبی کتب کا مطالعہ کیا تھا جس کے متعلق آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف ''ہیر وارث شاہ'' میں یوں ذکر کیا ہے۔

کدوں یوسفی طِب میزان پڑھیوں دستور علاج سکھاوے وے
قرطاس سکندری طِب اکبر ذخیریوں باب سناونے وے
قانون موجز تحفہ مومنیں بھی کفایہ منصوری تھیں پاونے وے
پران سنگلی وید تحفہ منوت سمرت نرگھنٹ دے دھیاء وِچلاوے وے
قرابا دین شفائی تے قادری بھی متفرقہ طب پڑھ جاونے وے

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو موسیقی سے بھی بے حد شغف تھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کو موسیقی کے مختلف راگوں کا بخوبی علم تھا جس کا اظہار آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ذیل کے اشعار سے بخوبی ہوتا ہے۔

شوق نال وجاء کے ونجھلی نوں پنجاں پیراں اُگے کھڑا گاوندا اے
کدی اُدھوتے کاہن دے بشن پدے کدے ماجھ پہاڑی دی لاوندا اے
کدی ڈھول تے مارون چھو دیندا کدی بوبنا چا سناوندا اے
ملکی نال جلالی نوں خوب گاوے وِچ جھیوری دی کلی لاوندا اے
کدی سوہنی تے مہینوال والے نال شوق دے سد سناوندا اے
کدی ڈھر پداں نال کبت چھوہے کدی سوہلے نال رلاوندا اے
سارنگ نال تلنگ شہانیاں دے رات سُوہے دا بھوگ پاوندا اے
سورٹھ گجریاں پوربی للت بھیروں دیپک راگ دی ذِیل وجاوندا اے
ٹوڈی میگھ ملہار گونڈ دھنا سری جیت سری بھی نال رلاوندا اے
مال سری تے پرج بیہاگ بولے نال مارَوا وِچ وجاوندا اے
کیدارا تے بہاگڑا راگ مارو نالے کاہنڑے دے سُر لاوندا اے
کلیان دے نال مالکنس بولے اتے منگلا چار سناوندا اے
بھیروں نال پلاسیاں بھیم بولے نٹ راگ دی ذِیل وجاوندا اے
بَروا نال پہاڑ جھنجھوٹیاں دے ہوری نال آسا کھڑا گاوندا اے
بولے راگ بسنت ہنڈول گوپی مُنداونی دیاں سُراں لاوندا اے
پلاسی نال ترانیاں ٹھانس کے تے وارث شاہ نوں کھڑا سناوندا اے

حضرت سیّد وارث شاہ علیہ الرحمۃ جامع العلوم تھے اور آپ علیہ الرحمۃ کو فقہ و تفسیر و حدیث و تاریخ کے ساتھ ساتھ تصوف و عرفان جیسے علوم پر بھی دسترس حاصل تھی اور آپ علیہ الرحمۃ علم موسیقی، علم نجوم اور علم طب جیسے علوم سے بھی بہرہ ور تھے اور آپ علیہ الرحمۃ کی قابلیت اور ذہنی پختگی کا اظہار آپ علیہ الرحمۃ کے اشعار سے بخوبی ہوتا تھا۔

باطنی علوم کا حصول:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ جب ظاہری علوم سے فارغ ہوئے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کا رجحان باطن کی اصلاح کی جانب ہوا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے سلسلہ عالیہ چشتیہ کے نامور بزرگ شیخ الشیوخ والعالم حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر حاضری کی سعادت حاصل کی اور بے پناہ روحانی فیوض و برکات سے بہرہ ور ہوئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے سجادہ نشین مزارِ پاک حضرت خواجہ دیوان محمد یار چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور سلوک کی منازل طے کیں۔

سیر و سیاحت:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے دیگر اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم کی مانند سفر کی صعوبتیں برداشت کیں اور اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ سیر و سیاحت میں بسر کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ سفر اپنے نفس کی اصلاح کے لئے تھا اور ساتھ ہی آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس سفر میں بے پناہ روحانی فیوض و برکات بھی حاصل کئے اور اس زمانے کے کئی نابغہ روزگار اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم کی صحبت بھی اختیار کی۔

کتب سیر میں منقول ہے حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے جن ممالک کا سفر کیا ان میں حجازِ مقدس، فلسطین، مصر، شام، عراق اور ایران شامل ہیں۔ اس کے علاوہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے برصغیر پاک و ہند کے کئی علاقوں مثلاً کشمیر، کلکتہ، آگرہ، مدراس، دہلی، بمبئی، پنجاب کے متعدد علاقے، سندھ اور بلوچستان کے کئی علاقے ہیں جہاں آپ رحمۃ اللہ علیہ گئے اور اکتسابِ فیض کیا۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ جب پاک پتن سے بیعت کی سعادت کے

بعد واپس لوٹے تو کچھ عرصہ لاہور میں مقیم رہے اور پھر قصور چلے گئے اور قصور میں کچھ عرصہ قیام کے بعد ملکہ ہانس تشریف لے گئے اور وہاں ایک مسجد میں معتکف رہے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسجد میں دورانِ اعتکاف اپنی معرکۃ الآراء تصنیف ''ہیر وارث شاہ'' کی تصنیف کا آغاز یہیں سے کیا اور یہیں پر اس کا اختتام کیا۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے قصہ ہیر رانجھا میں بیان کردہ تمام تاریخی مقامات کا سفر کیا اور ''ہیر وارث شاہ'' کی تصنیف سے قبل وہ تمام تاریخی عمارات دیکھیں جن کا تعلق اس قصہ سے ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ تخت ہزارہ گئے اور وہاں رانجھے کی مسجد اور حمام کو دیکھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے رانجھے کی مسجد میں کچھ دن کا اعتکاف بھی کیا۔

ہیر وارث شاہ کی وجہ تصنیف:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے قبل کئی شعراء نے ہیر رانجھا کے قصے کو منظوم بیان کیا مگر جو انفرادیت ''ہیر وارث شاہ'' میں ہے وہ کسی اور قصے میں نہیں ہے کیونکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس قصہ میں محاوروں اور ضرب الامثال کا بخوبی استعمال کیا ہے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دیہات کے ماحول کی عکاسی اس انداز میں کی ہے کہ قصے میں موجود کردار حقیقی محسوس ہوتے ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس قصے میں معاشرہ کے اصلاحی پہلوؤں کی نشاندہی کی ہے اور اس قصے میں موجود اسرار و رموز کو نہایت عمدگی کے ساتھ بیان کیا ہے کہ پڑھنے والا اس کے سحر میں کھو جاتا ہے۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''ہیر وارث شاہ'' کو منظوم کرنے کے لئے مادری زبان پنجابی کا سہارا لیا کیونکہ اس زبان میں جو چاشنی ہے وہ اسے دیگر زبانوں سے منفرد بناتی ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس قصے میں معاشرے کی بے حسی

اور معاشرے میں موجود برائیوں کی بھی بخوبی نشاندہی فرمائی ہے اور اس زمانے میں موجود معاشرتی رسم و رواج کو بیان کیا ہے اور پنجاب کی سیاسی و معاشرتی صورتحال کی عکاسی کی ہے۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ چونکہ قادرالکلام تھے لہٰذا جب آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ''ہیر وارث شاہ'' تصنیف کی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اندازِ بیان نے اس قصے کو چار چاند لگا دیئے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اندازِ سخن کی وجہ سے اس قصے کے دیگر لکھاریوں اور شعراء کے بیان کردہ ہیر رانجھے کے قصے کو لوگوں نے پڑھنا ترک کر دیا۔

وارث شاہ جنڈیالے والے واہ واہ ہیر بنائی
میں بھی ریس اوسے دی کر کے لکھی توڑ نبھائی
جو انگل مضمون نہمن دی اوہنوں سو میں ناہیں کائی
وڈا تعجب آوے یارو ، ویکھ اُسدی وڈیائی
کی آکھاں بولی تھاں لگدی ، کی گل ڈھکدی آئی
احمد یار کہی اس جیسی انگل میں نہیں آئی

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''ہیر وارث شاہ'' میں ہر کردار کے ساتھ انصاف کیا ہے اور ہر کردار کے جذبات کی حقیقی ترجمانی کی ہے اور کرداروں کے مابین ہونے والے جھگڑوں اور مکالموں کو انتہائی خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس قصے میں معرفت پر خوب گفتگو فرمائی ہے اور اس قصے کو منظوم کرتے وقت اس بات کا خوب خیال رکھا ہے کہ قاری کا تسلسل برقرار رہے۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''ہیر وارث شاہ'' اپنے دوستوں کی فرمائش پر تحریر کی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا اظہار ''ہیر وارث شاہ'' کے آغاز میں ان اشعار کے ذریعے کیا ہے۔

یاراں اَساں نُوں آن سوال کیتا عشق ہیر دا نواں بنائیے جی
ایس پریم دی جھوک دا سبھ قصہ ڈھب سوہنے سنائیے جی
نال عجب بہار دے شعر کر کے، رانجھے ہیر دا میل ملائیے جی
یاراں نال مجالساں وِچ بہہ کے مزا ہیر دے عشق دا پائیے جی

''دوستوں نے مجھ سے سوال کیا ہیر کے عشق کے قصے کو دوبارہ نئے انداز میں لکھا جائے۔ اس پیار و محبت کے خوبصورت قصے کو آپ رحمۃ اللہ علیہ نہایت عمدہ انداز میں بیان کریں اور انتہائی خوبصورت اشعار کے ذریعے رانجھے اور ہیر کو ایک مرتبہ پھر ملا دیں تاکہ ہم جب دوستوں کی محفلوں میں بیٹھیں تو ہیر کے عشق کا قصہ سن کر لطف اندوز ہوں۔''

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے دوستوں کی فرمائش پر ''ہیر وارث شاہ'' تحریر کی اور اس قصے کو منظوم کیا چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ دوستوں کی اس فرمائش کا اظہار ''ہیر وارث شاہ'' کے اختتام پر ایک مرتبہ پھر یوں بیان کرتے ہیں۔

حکم من کے سجناں پیاریاں دا قصہ عجب بہار دا جوڑیا اے
فقرہ جوڑ کے خوب درست کیتا نواں پھُل گلاب دا توڑیا اے
بہت جیو دے وِچ تدبیر کر کے، فرہاد پہاڑ نُوں پھوڑیا اے
سبھا دِین کے زیب بنا دِتا جیہا عطر گلاب نچوڑیا اے

''میں نے اپنے دوستوں کی بات کو تسلیم کرتے ہوئے اس قصے کو بہترین انداز میں نظم بند کیا ہے۔ تمام اشعار کو نہایت عمدگی کے ساتھ ایک دوسرے سے ملایا ہے جیسے کسی نے گلاب

کا نیا پھول توڑا ہو۔ میں نے خوب سوچ بچار کے بعد اس
قصے کو ترتیب دیا ہے جیسے فرہاد نے پہاڑ کو توڑا تھا۔ میں نے
تمام قصے کو یکجا کر کے انتہائی منفرد بنا دیا ہے جیسے گلاب سے
عطر نچوڑا گیا ہو۔"

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ "ہیر وارث شاہ" کی تصنیف سے قبل اپنے دوستوں کے ہمراہ گرد گورکھ ناتھ دوم کے ٹلہ واقع ضلع جہلم پہنچے اور وہاں موجود گرو گورکھ ناتھ دوم کے چیلے تیرتھ ناتھ سے ملاقات کی اور یہاں رہ کر جوگیوں کی عادات و رسوم کا بغور جائزہ لیا۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے دوستوں کے ہمراہ تخت ہزارہ پہنچے اور وہاں رانجھے کی مسجد اور حمام کو دیکھا اور جیسا کہ گذشتہ صفحات میں بیان ہوا آپ رحمۃ اللہ علیہ نے رانجھے کی مسجد میں کچھ دن اعتکاف بھی کیا۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے دوستوں کے ہمراہ جھنگ سیال بھی گئے اور وہاں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ہیر کے گاؤں کے لوگوں کے رہن سہن کا جائزہ لیا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی میزبانی کے فرائض جھنگ سیال کی ایک بوڑھی عورت بھاگ بھری نے انجام دیئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ جھنگ سیال کے بعد کوٹ قبولہ گئے اور وہاں حضرت سلیم چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر حاضر ہوئے، پھر پاک پتن چلے گئے اور پاک پتن کے بعد ملکہ ہانس تشریف لے گئے اور پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" کا آغاز کیا اور ملکہ ہانس میں قیام کے دوران ہی اسے مکمل کیا۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہیر رانجھے کے قصے کو جو نئی شان عطا فرمائی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی "ہیر وارث شاہ" کو جو مقبولیت حاصل ہوئی اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" کو تحریر کرنے سے قبل اس قصے کی تمام کتب کا مطالعہ کیا خواہ وہ کسی بھی زبان میں تھیں۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" کب مکمل کی اس کے متعلق آپ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" کے اختتامی اشعار میں یوں بیان کیا ہے۔

سن یاراں سے اسیاں نبی ہجرت لمے دیس وِچ تیار ہوئی
اٹھاراں سے تے تریہاں سمتاں دی راجے بکرما جیت دی سار ہوئی
جدوں دیس تے جٹ سردار ہوئے گھرو گھری جاں نویں سرکار ہوئی
اشراف خراب کمین تازہ زمیندار نوں وڈی بہار ہوئی
چور چودھری یار نیں پاکدامن بھُوت منڈلی اِک تھوں چار ہوئی
وارث جنہاں نیں آکھیا پاک کلمہ بیڑی تنہاں دی عاقبت پار ہوئی

"۱۱۸۰ھ لمے دیس (ساہیوال اور ملتان کا درمیانی علاقہ ملکہ ہانس) جہاں یہ کتاب مکمل ہوئی ہے۔ اس وقت ۱۸۲۳ء میں راجہ بکرماجیت کی حکومت تھی۔ ملک پر جاٹ حاکم تھے اور ہر جگہ نئی حکومتیں بن رہی تھیں۔ شرفاء رسوا ہو رہے تھے اور کمینے ترقی کر رہے تھے اور زمینداروں پر عجب بہار کا سماں تھا۔ چور چوہدری بن گئے تھے اور پاکدامن کہلاتے تھے جبکہ بدنیت ترقی کر رہے تھے۔ وارث شاہ (رحمۃ اللہ علیہ) وہ لوگ جو کلمہ حق کہتے رہے انہوں نے اپنی عاقبت سنوار لی۔"

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" کے تکمیل کے مقام ملکہ ہانس کا ذکر ان اشعار کے ذریعے کیا ہے۔

کھرل ہانس دا ملک مشہور ملکا تِتھے شعر کیتا نال راس دے میں
پرکھ شعر دی آپ کرلین شاعر گھوڑا پھیریا وِچ نخاس دے میں

پڑھن گھبرو دلیں وِچ خوشیں ہو کے پھُل بیجیا واسطے باس دے میں
وارث شاہ نہ عمل دی راس میتھے کراں مان نمانڑا کاس دے میں

"کھرل ہانس مشہور جگہ ہے جہاں ان اشعار کو میں نے ترتیب دیا ہے۔ اشعار کو شاعر خود پرکھ لیں گے میں نے اپنے فن کو اہل ادب کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ جب جوان اسے پڑھیں گے ان کے دل شاد ہوں گے اور میں نے خوشبودار پھول اسی لئے بویا ہے۔ وارث شاہ (رحمۃ اللہ علیہ)! میرے پاس کوئی عمل نہیں پھر میں عاجز کس بات پر فخر کروں۔"

معرفت کا خزانہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" میں صرف ہیر رانجھے کا عشقیہ قصہ ہی بیان نہیں کیا بلکہ اس میں معرفت کے کئی نکات کو بھی بیان کیا ہے اور اگر اس قصے کو بغور پڑھا جائے تو معرفت کے ان خزانوں کو پایا جا سکتا ہے۔

ہیر روح تے چاک قلبوت جانڑ بالناتھ ایہہ پیر بنایا ای
پنج پیر حواس ایہہ پنج تیرے جنہاں تھاپنا تُدھ نوں لایا ای
قاضی حق جھبیل نیں عمل تیرے عیال منکر نکیر ٹھہرایا ای
کوٹھا گور عزرائیل ہے ایہہ کھیڑا جیہڑا الیندو ہی روح نوں دھایا ای
کیدو لنگا شیطان ملعون جانو جس نے وِچ دیوان پھڑایا ای
سیّاں ہیر دیاں رَن گھربار تیرا جنہاں نال پیوند بنایا ای
وانگ ہیر دے بنھ لے جان تینوں کسے نال نہ ساتھ لدایا ای
جیہڑا بولدا ناطقہ ونجھلی ہے جس ہوش دا راگ سنایا ای

سہتی موت تے جسم ہے یار رانجھا انہاں دوہاں نے بھیڑ مچایا ای
شہوت بھابی تے بھکھ رنبیل باندی جہاں جنتوں مار کڈھایا ای
جوگی ہے عورت گن پاڑ جس نے سبھ اُنگ بھبوت رمایا ای
دنیا جان ایویں جویں جھنگ پیکے گور کالڑا باغ بنایا ای
ترنجن ایہہ بدعملیاں تیریاں نیں کڈھ قبر تھیں دوزخے پایا ای
اوہ میت ہے ماؤں دا شکم بندے جس وچ شب روز لنگھایا ای
عدلی راجہ ایہہ نیک نیں عمل تیرے جس ہیر ایمان دوایا ای
وارث شاہ میاں بیڑی پار کلمہ پاک زبان تے آیا ای

''ہیر کو روح جانو اور چاک دراصل تمہارا جسم ہے اور بالناتھ وہ ہے جس کو تم نے اپنا پیر بنایا۔ تمہارے پانچوں حواس حقیقت میں پانچ پیر ہیں اور ان کی بدولت تم یہاں پر ہو۔ قاضی کو حق کا ملاح جانو اور عیال کو منکر نکیر جانو۔ کوٹھا قبر کی مانند ہے اور کھیڑا ملک الموت ہے جو روح قبض کر کے چلا جاتا ہے۔ لنگڑا کیدو شیطان ملعون ہے جس نے دنیا میں تمہیں رسوا کیا! ہیر کی سہیلیاں، عورتیں اور گھر یہ سب وہ ہیں جن سے تمہارا تعلق قائم ہوا۔ ہیر کی طرح تمہیں بھی باندھ کر لے جایا جائے گا اور تمہارا کوئی معاون نہ ہو گا۔ تمہارے اندر کی آواز بانسری کی مانند ہے جو تمہیں ہوش کا راگ سناتی ہے۔ سہتی کو موت جانو اور رانجھے کو جسم جانو کہ دونوں نے ہی شور مچا رکھا ہے۔ بھابھی کو شہوت جانو اور رنبیل باندی کو بھوک جانو جس نے تمہیں جنت سے رسوا کر کے نکالا۔ جوگی کو عورت خیال کرو

جو کان چھدوا کر تمہارے جسم کو خاک میں ملاتی ہے۔ دنیا کو جھنگ خیال کرو جو تمہارا میکہ ہے اور کالے باغ کو قبر خیال کرو۔ عورتوں کی محافل تمہارے وہ برے اعمال ہیں جن کی بدولت جب تم قبر سے نکالے جاؤ گے پھر دوزخ میں ڈالے جاؤ گے۔ ماں کا پیٹ مسجد ہے جہاں تم نے اپنے شب و روز بسر کئے۔ عدلی راجہ تمہارے نیک اعمال ہیں جن کی وجہ سے تمہیں ہیر کا ایمان ملا۔ وارث شاہ (رحمۃ اللہ علیہ) جب کلمہ حق زبان پر آ جائے تو بیڑا پار ہو جاتا ہے۔"

حکیم عبدالغفور نے "ہیر وارث شاہ" پر اپنا تبصرہ یوں کیا ہے۔

"ہیر وارث شاہ ایک عاشق اور اس کی محبوبہ کی داستان نہیں ہے بلکہ یہ جسم اور روح کی کہانی ہے جو انسان کی پیدائش سے اس کی موت تک کی کہانی ہے اور یہ اپنے پڑھنے والوں کے لئے نجات کا باعث بنے گی۔"

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" میں تصوف کے موضوع کو اپنے کلام کا اہم جزو بنایا ہے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب تک راہِ حق کا طلبگار خود کو خاک میں نہ ملائے اور اپنے اندر موجود تکبر کو نہ مٹائے، حرص و بخل سے خود کو پاک نہ کرے اور صبر و تحمل کا مظاہرہ نہ کرے تب تک وہ تصوف کے اسرار و رموز سے آگاہ نہ ہوگا اور نہ ہی وہ صوفی کہلائے گا۔

ناؤں فقر دا بہت آسان لینا
بھرا کٹھن ہے جوگ کماونا وو

"فقر کا نام لینا تو بہت آسان ہے مگر فقیر بننا انتہائی جان

جوکھوں کا کام ہے۔“

گھوڑا صبر دا ذِکر دی واگ دے کے
نفس مارنا کم بھُجنگیاں دا
چھڈ زراں تے حکم فقیر ہوون
ایہہ کم ہے ماہنوآں چنگیاں دا

”صبر کے گھوڑے کو ذکر کی لگام ڈالنی پڑتی ہے۔ اپنے نفس کو مارنا درویشوں کا ہی کام ہے۔ مال و دولت اور حکمرانی سب چھوڑ کر فقیر بنا پڑتا ہے۔ یہ کام انہی لوگوں کا ہے جو نیک والدین کی اولاد ہیں۔“

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اللہ عزوجل پر کامل یقین کرنے والے ہی راہِ خدا پر صحیح معنوں میں چلنے کے حقدار ہیں اور وہی لوگ بارگاہِ الٰہی میں مقبولین کے درجہ پر فائز ہوتے ہیں۔

جنہاں صدق یقین تحقیق کیتا
مقبول درگاہ اللہ دے وے
جنہاں اِک دا راہ درست کیتا
اُنہاں فکر اندیشڑے کاہ دے وے

”جنہوں نے صدقِ دل سے یقین کیا ہے پس وہی لوگ بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوں گے۔ جنہوں نے کسی کو صحیح سمت میں لگا دیا انہیں پھر کس بات کی فکر اور اندیشہ لاحق ہو سکتا ہے۔“

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے علم کو بغیر عمل کے بے کار قرار دیا ہے

اور حقیقت بھی یہی ہے کہ ایسے علم کا کچھ حاصل نہیں جس پر عمل نہ کیا جائے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کو اپنے ان اشعار کے ذریعے بیان کرتے ہیں۔

پڑھن علم تے عمل نہ کرن جیہڑے

وانگ ڈھولدے بول جو سکھنائیں

''وہ لوگ جو علم حاصل کریں مگر عمل نہ کریں ان کی مثال ڈھول بجانے کی سی ہے۔''

اللہ عزوجل نے نظامِ کائنات کے ایک مخصوص اوقات وضع کر رکھے ہیں اور ہر شے اپنی صفت کے مطابق اپنا وجود برقرار رکھی ہوئی ہے جیسے کہ انسان کو زمین پر اختیار دیا کہ وہ زمین پر رہائش پذیر ہو اور اس میں موجود قدرت کی عطا کردہ نعمتوں سے مستفیض ہو۔ چاند اپنے مدار میں گردش کرتا ہے اور اس کی رفتار متعین ہے۔ زمین گردش میں ہے سورج کے نکلنے اور غروب ہونے کا وقت متعین ہے، مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں اور خشکی پر ان کی موت واقع ہو جاتی ہے، پرندے ہوا میں اڑتے ہیں وغیرہ وغیرہ اور نظامِ قدرت کی یہ خوبصورتی ازل سے برقرار ہے اور تخلیق کائنات کے ساتھ ہی اللہ عزوجل نے ایک میکنزم کے ذریعے ہر شے کو دوسری شے سے منسلک کر دیا مگر انسان چونکہ اشرف المخلوقات ہے لہٰذا اسے یہ اختیار دیا گیا کہ وہ چاہے تو نیکی کی جانب مائل ہو چاہے تو برائی کی جانب مائل ہو اور ایک مقررہ مدت تک اس زمین پر رہے گا پھر جب اس کی موت ہوگی تو وہ اپنے اعمال کا جوابدہ ہوگا۔

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے مسئلہ تقدیر کو بھی ''ہیر وارث شاہ'' کی زینت بنایا ہے اور اس مسئلہ کو اس خوبی سے بیان کیا ہے کہ یہ مسئلہ بخوبی ہر ایک کے اذہان میں سما جائے۔

رضا اللہ دی حکم قطعی جانو

قطب کوہ کعبہ معمول ناہیں

''اللہ کی رضا اور اس کے حکم کو حرفِ آخر جان لو کہ سب کچھ اللہ عزوجل کی مرضی سے وقوع پذیر ہوتا ہے۔''

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے دنیا اور دنیاوی آسائشوں کی بھی بھرپور مذمت فرمائی ہے اور اس بات سے آگاہ کیا ہے کہ یہ دنیا ایک عارضی قیام گاہ ہے اور یہاں کی ہر شے فنا ہونے والی ہے لہٰذا دنیا سے دل لگانے کی بجائے اللہ عزوجل سے دل لگایا جائے اور ہر وقت فکر و یادِ الٰہی میں مشغول رہا جائے۔

بھاویں تخت بہے بھاویں زمیں سوویں

آخر خاک دیوچہ رلیونائیں

وارث شاہ میاں انت خاک ہونا

لکھ آبِ حیات جے پیونائیں

''خواہ تو تخت پر بیٹھ جائے خواہ تو زمین پر سوئے بالآخر ایک دن تجھے خاک میں مل جانا ہے۔ وارث شاہ (رحمۃ اللہ علیہ)! انجام خاک میں ملنا ہی ہے چاہے لاکھوں مرتبہ آبِ حیات پی لیا جائے۔''

پیر کی خصوصیات:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب تک کسی پیر کی بیعت نہ کی جائے راہِ حق کا طلبگار اپنی منزل کو نہیں پا سکتا۔ پیر کی بیعت کے بغیر اللہ عزوجل کو پالینا محال ہے اور جب پیر کی بیعت کر لی جائے تو پھر اس کی خدمت کو

اپنا شعار بنالے کہ پیر کی خدمت اور اس کی صحبت کے ذریعے ہی وہ بارگاہِ الٰہی تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

رہبر ڈھونڈ کے پکڑنا فرض ہویا
بناں ہادیاں تم نہ ہون جھیڑے
بندہ پر تقصیر گناہ بھریا
شافع حشر نوں باجھ رسول کیہڑے

"رہبر کی تلاش کرنے کے بعد اس کے دامن سے وابستہ ہونا لازم ہے اور رہبر کے بغیر کبھی مشکل دور نہیں ہو سکتی۔ بندہ گناہوں اور خطاؤں سے بھرا ہوتا ہے اور حضور نبی کریم ﷺ کے سوا بروزِ حشر کون شفاعت کرے گا۔"

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پیر کا کامل ہونا لازم ہے اور کامل پیر ہی اپنے مرید کا بیڑا پار لگا سکتا ہے اور کامل پیر کی صحبت میں رہ کر ہی تمام گناہ اور خطائیں معاف ہو سکتی ہیں۔

وارث شاہ میاں پیراں کاملاں نے
کر چھڈی ہے نیک تدبیر تیری

"وارث شاہ (رحمۃ اللہ علیہ)! کامل پیروں کی بدولت تیری تدبیر عمدہ ہو گئی ہے۔"

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" میں جعلی پیروں کی بھی مذمت کی ہے اور ان کو اللہ عزوجل سے دوری کی وجہ قرار دیا ہے۔ جعلی پیروں کا تعلق چونکہ خود ذاتِ الٰہی سے نہیں ہوتا لہٰذا وہ لوگوں کو بھی ذاتِ الٰہی سے دور کر دیتے ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جعلی پیروں کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا۔

سیّد شیخ نوں پیر نہ جاننا ایں عمل کرے ، جے اوہ چنڈال دے جی
ہوء چوہڑا ترک حرام مسلم ، مسلمان سبھ اوس دے نال دے جی
دولتمند دیوث دی ترک صحبت ، مگر لگئے نیک کنگال دے جی
کوئی کچکرا لعل نہ ہو جاندا ، جے پروویئے نال اوہ لعل دے جی

"کسی سیّد اور شیخ کو ہرگز پیر خیال نہ کرنا جو خلافِ شریعت عمل کرتے ہوں۔ اگر کوئی جمعدار ہو اور حرام چھوڑ کر مسلمان ہو جائے تو وہ تمام مسلمانوں کی مانند ہو گا۔ دولت مندوں کی صحبت کو ترک کر دو اور کسی نیک فقیر کی صحبت اختیار کر لو۔ اگر کسی کچرے کو لعل کے ساتھ پرو دیا جائے تو وہ ہرگز لعل نہیں بن جاتا۔"

عجز وانکساری کا اظہار:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "ہیر وارث شاہ" کے اختتامی اشعار میں اپنی عاجزی اور اپنی ناقصی کا اعتراف کیا ہے اور یہ کسی بھی ولی اللہ کی صفت ہے کہ وہ خود کو عاجز جانتا ہے اور اللہ عزوجل کو بزرگ و برتر تسلیم کرتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

افسوس مینوں اپنی ناقصی دا گنہگاراں نوں حشر دے صُور دا اے
انہاں موملاں خوف ایمان دا ہے اتے حاجیاں بیت معمور دا اے
صوبہ دار نوں طلب سپاہ دی دا اتے چاکراں کاٹ قصور دا اے
سارے ملک پنجاب خراب وِچوں سانوں وڈا افسوس قصور دا اے
سانوں شرم حیا دا خوف رہندا جویں موسیٰ نوں خوف کوہِ طور دا اے

انہاں غازیاں کرم بہشت ہووے تے شہیداں نوں وعدہ حور دا اے
ایویں باہروں شان، خراب وِچوں جویں ڈھول سہاونا دور دا اے
وارث شاہ وسنیک جنڈیالڑے دا شاگرد مخدوم قصور دا اے
رب آبرو نال ایمان بخشے سانوں آسرا فضل غفور دا اے
وارث شاہ نہ عمل دے ٹانک میتھے آپ بخش لقا حضور دا اے
وارث شاہ ہووے روشن نام تیرا کرم ہووے جے رب شکور دا اے
وارث شاہ تے جُملیاں موماں نوں حصہ بخشنا اپنے نور دا اے

"مجھے خود کے ناقص ہونے کا افسوس ہے جیسے گنہگار حشر کے دن پھونکے جانے والے صور پر افسوس کریں گے۔ مومنوں کو اپنے ایمان کے جانے کا خوف لاحق ہوتا ہے اور حاجیوں کو بیت المعمور سے جدائی کا غم لاحق ہوتا ہے۔ صوبیدار کو سپاہیوں کی ضرورت ہوتی ہے اور ملازمین کو اپنی تنخواہ کے کٹنے کا خوف ہوتا ہے۔ مجھے پورے پنجاب میں سب سے زیادہ دکھ قصور کا ہے۔ مجھے ہر وقت شرم وحیاء کا خوف ہوتا ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام کو کوہِ طور کا خوف تھا۔ غازیوں کے لئے جنت میں انعام ہے اور شہداء کے لئے حوروں کا وعدہ کیا گیا ہے۔ عمدہ شان و شوکت والے بد باطن ہوتے ہیں جیسے دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہیں۔ وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ جنڈیالہ کا رہنے والا ہے اور مخدوم قصور کا شاگرد ہے۔ اللہ عزوجل عزت اور ایمان کی دولت عطا فرمائے اور ہمارے پاس اسی غفور کے فضل کا سہارا ہے۔ وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ! میرے پاس کوئی عمل نہیں اور اس

کے لئے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت سب کچھ ہے۔

وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ! تیرا نام دنیا میں اسی وقت روشن ہو سکتا ہے جب رب شکور کا تجھ پر خاص کرم ہو۔ وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ! وہ تمام جملہ مومنوں کو اپنے نور میں سے حصہ عطا فرما دے۔"

سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے کئی کتب تحریر کی ہیں مگر جو شہرت "ہیر وارث شاہ" کو ملی وہ کسی اور کتاب کو نہ مل سکی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی دیگر کتب کے متعلق ذیل میں مختصراً بیان کیا جا رہا ہے۔

شرح قصیدہ بردہ شریف:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ بردہ شریف کی شرح تحریر کی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تصنیف ۱۱۵۲ھ میں مکمل ہوئی اور اس کے قریباً سو صفحات ہیں۔

سسی وارث شاہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے سسی پنوں کے مشہور قصے کو بھی "سسی وارث شاہ" کے نام سے منظوم کیا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی اس تصنیف کا ذکر ڈاکٹر موہن سنگھ نے اپنی مرتب "ہیر" میں کیا ہے۔

باراں ماہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے "باراں ماہ" کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی اس تصنیف کا ذکر ملک خالد پرویز نے اپنی تصنیف "ذکر وارث شاہ" میں کیا ہے۔

سی حرفی:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''سی حرفیاں'' کے نام سے کچھ کافیاں لکھی ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ان کافیوں کو پنڈت کالید نے ''سخن فقیراں'' میں نقل کیا ہے۔

دوہڑے:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے دوہڑے بھی کہے ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ان دوہڑوں کو چوہدری محمد افضل خاں نے ''پنج دریا'' میں نقل کیا ہے۔

عبرت نامہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ''عبرت نامہ'' کا ذکر چوہدری محمد افضل خاں نے کیا ہے اور انہوں نے ذیل کے اشعار بھی بطورِ نمونہ بیان کئے ہیں۔

اِک روز جہاں تھیں جانا ہے ، وِچ قبر اندھاری پانا ہے
تیرا گوشت کیڑیاں کھانا ہے ، اے عاقل تینوں سار نہیں
اے جاگ گُوے کیوں سُتی ہیں ، اس نیندر غفلت لُٹی ہیں
توں تاہیں کھری وُگتی ہیں ، ایہہ سونا تیں درکار نہیں

معراج نامہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے ایک کتاب ''معراج نامہ'' بھی منسوب ہے اور اس کتاب کا ذکر میاں ہدایت اللہ نے اپنی مرتب ''ہیر'' میں کیا ہے:

نصیحت نامہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی ایک تصنیف ''نصیحت نامہ'' ہے اور اس کا ذکر ڈاکٹر فقیر محمد فقیر نے اپنی مرتب ''ہیر'' میں کیا اور ذیل کے اشعار کو بطورِ نمونہ بھی بیان کیا ہے۔

اللہ باقی عالم فانی
سرورِ عالم یار حقانی
چھوڑ گئے فرقان نشانی
باغ رہیا گلزادی دا

چوہڑیٹڑی نامہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے ایک کتاب ''چوہڑیٹڑی نامہ'' بھی منسوب ہے اور اس کا ذکر چوہدری محمد افضل خاں نے اپنی مرتب ''ہیر'' میں کیا ہے اور شیخ عقیل نے ''پنجاب رنگ'' میں اس کا ذکر کیا ہے اور اس کی تصدیق ڈاکٹر فقیر محمد فقیر نے بھی اپنی مرتب ''ہیر'' میں کی ہے۔

اشتر نامہ:

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی ایک تصنیف ''اشتر نامہ'' ہے اور میاں پیر دِتا نے اپنی مرتب ''ہیر'' میں اسے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر قرار دیا ہے۔

وصال

حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے کب وصال پایا اس کے متعلق بھی مؤرخین میں اختلاف پایا جاتا ہے اور جس طرح آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حالات و واقعات

پر کوئی مفصل کتاب نہیں ملتی اسی طرح آپ رحمۃ اللہ علیہ کے سن وصال کے متعلق بھی مؤرخین کی متعدد آراء ہیں اور اس ضمن میں متعدد روایات بیان کی جاتی ہیں۔

موہن سنگھ نے اپنی مرتب ''ہیر'' میں حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا سن وصال ۱۱۹۹ھ بمطابق ۱۷۸۴ء بیان کیا ہے۔

سیّد سبط اللہ ضیغم اپنی تحقیق میں حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے متعلق لکھتے ہیں کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ۱۲۰۶ھ بمطابق ۱۷۹۲ء میں ہوا۔

مولوی محمد داؤد اپنی تحقیق میں لکھتے ہیں کہ حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۱۷۱ھ بمطابق ۱۷۵۷ء میں اس جہانِ فانی سے کوچ فرمایا۔

حمید اللہ ہاشمی نے اپنی مرتب ''ہیر'' میں حضرت سیّد وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے سن وصال کے متعلق لکھا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۸۴ھ بمطابق ۱۷۷۰ء کو اس جہانِ فانی سے کوچ فرمایا۔

O---O---O

اوّل حمد خدا دا وِرد کیجے
عشق کیتا سُو جگ دا مُول میاں

پہلے آپ ہے رب نے عشق کیتا
معشوق ہے نبی رسول ﷺ میاں

عشق پیر فقیر دا مرتبہ اے
مرد عشق دا بھلا رنجول میاں

کھلے تنہاں دے باب قلوب اندر
جنہاں کیتا ہے عشق قبول میاں

☆☆☆

دوئی نعت رسول مقبول ﷺ والی
جیں دے حق نزول لولاک کیتا

خاکی آکھ کے مرتبہ بدا دِتا
سبھ خلق دے عیب تھیں پاک کیتا

سرور ہوئے کے اولیاں انبیاں دا
اَگے حق دے آپ نوں خاک کیتا

کرے اُمتی اُمتی روز محشر
خوشی چھڈ کے جیو غمناک کیتا

☆☆☆

چارے یار رسول دے چار گوہر سبھا
اِک تھیں اِک چڑھندڑے نیں

ابوبکرؓ تے عمرؓ ، عثمانؓ ، علیؓ
آپو اپنے گنیں سوہندڑے نیں

جنہاں صدق یقین تحقیق کیتا
راہ رب دے سِیس وکندڑے نیں

ذوق چھڈ کے جنہاں نے زہد کیتا
واہ واہ اوہ رب دے بندڑے نیں

☆☆☆

مدح پیر دی حُب دے نال کیجے
جّیں دے خادماں دے وِچ پیریاں نی

باجھ ایس جناب دے پار ناہیں
لکھ ڈھونڈدے پھرن فقیریاں نی

جیہڑے پیر دی مہر منظور ہوئے
گھر تنہاں دے پیریاں میریاں نی

روزِ حشر دے پیر دے طالباں نوں
ہتھ سجڑے مِلن رگیاں چیریاں نی

☆☆☆

مودود دا لاڈلا پیر چشتی
شکر گنج مسعود بھرپور ہے جی

خاندان وِچ چشت دے کاملیت
شہر فقر دا پٹن معمور ہے جی

باہیاں قطباں وِچ ہے پیر کامل
جیں دی عاجزی زہد منظور ہے جی

شکر گنج نے آن مقام کیتا
دُکھ درد پنجاب دا دُور ہے جی

☆☆☆

یاراں اُساں نُوں آن سوال کیتا عشق ہیر دا نواں بنایئے جی
ایس پریم دی جھوک دا سَبھ قصہ ڈھب سوہنے سنایئے جی

نال عجب بہار دے شعر کر کے، رانجھے ہیر دا میل ملایئے جی
یاراں نال مجالساں وِچ بہہ کے مزا ہیر دے عشق دا پایئے جی

حکم من کے سجناں پیاریاں دا قصہ عجب بہار دا جوڑیا اے
فقرہ جوڑ کے خوب درست کیتا نواں پھُل گلاب دا توڑیا اے

بہت جیو دے وِچ تدبیر کر کے، فرہاد پہاڑ نُوں پھوڑیا اے
سبھا وِین کے زیب بنا دِتا جیہا عطر گلاب نچوڑیا اے

☆☆☆

اِک تخت ہزاریوں گل کیجے جتھے رانجھیاں رَنگ مچایا اے
چھیل گھبرو، مست اربیلڑے نیں، سندر اِک تھیں اِک سَوایا اے

والے، کوکلے، مُندرے، مُجھ، لُنگی، نَواں ٹھاٹھ تے ٹھاٹھ چڑھایا اے
کیہی صفت ہزارے دی آکھ سکاں گویا بہشت زمین تے آیا اے

موجو چودھری پنڈ دی پانڈ والا چنگا بھائیاں دا سردار آہا
اَٹھ پُتر دو بیٹیاں تِس دیاں سن وڈا درب تے مال پروار آہا

بھلی بھائیاں وِچ پرتیت اُس دی، مَنیا چوترے اتے سرکار آہا
وارث شاہ ایہہ قدرتاں رب دیاں نیں دھیدو نال اُس بہت پیار آہا

باپ کرے پیار تے وَیر بھائی، ڈر باپ دے تھیں پے سنگدے نیں
گجھے میہنے مار کے سَپ وانگوں اُس دے کالجے نُوں پے ڈنگدے نیں

کوئی وَس نہ چلنیں کڈھ چھڈن دیندے میہنے رنگ برنگ دے نیں
وارث شاہ ایہہ غرض ہے بہت پیاری، ہور ساک نہ سین نہ انگ دے نیں

تقدیر سیتی موجوحق ہویا، بھائی رانجھے دے نال کھہیڑ دے نیں
کھائیں رج کے گھوردا پھریں رناں کڈھ رکتاں دھیدونوں چھیڑ دے نیں

نت سجرا گھاء کلیجڑے دا گلاں ترکھیاں نال اُچیڑ دے نیں
بھائی بھابیاں ویر دیاں کرن گلاں ایہا جھنجھٹ نت سہیڑ دے نیں

حضرت قاضی تے پنچ سدا سارے بھائیاں زمیں نوں کچھ پوائی آہی
وڈھی دے کے بھوئیں دے بنے وارث بنجر زمیں رنجھیٹے نوں آیا آہی

کچھاں مار شریک مذاق کر دے بھائیاں رانجھے دے باب بنائی آہی
گل بھابیاں ایہی بنا چھڈی، مگر جٹ دے پھکڑی لائی آہی

پنڈا چت کے آرسی نال ویکھن، تنہاں واہن کیہا ہل واہنا اے
پنڈا پاک کے چوپڑے پٹے جنہاں، کسے رن کیہہ اونہاں تھوں چاہنا اے

ہنے بھوئیں دے جھگڑے کرے منڈا ایس توڑ نہ مول نباہنا اے
دیہنیں ونجھلی واہے تے رات گاوے، کوئی روز دا ایہہ پراہنا اے

رانجھا جوترا واہ کے تھک رہیا لاہ اَرلیاں چھاؤں نُوں آوندا اے
بھتا آن کے بھابی نے کول دَھریا حال اپنا رو وکھاوندا اے

چھالے پئے تے ہتھ تے پیر پھُٹے سانُوں واہی دا کم نہ بھاوندا اے
وارث شاہ جیوں لاڈلا باپ دا سی اتے کھرا پیارڑا ماؤں دا اے

رانجھا آکھدا بھابیو وَیرنو نی ، تُساں بھائیاں نالوں وچھوڑیا جے
خوشی روح نُوں بہت دِلگیر کیتا ، تُساں پھُل گلاب دا توڑیا جے

سَکّے بھائیاں نالوں وچھوڑ مینوں ، کنڈا وِچ کلیجے پوڑیا جے
بھائی جگر تے جان ساں اسیں ، اَٹھے وکھو وکھ کر چاء نکھوڑیا جے

نال وَیر دے رِکتاں چھیڑ بھابی ، سانوں میہنا ہور چھوڑیا جے
جدوں صفاں ہوٹرن گیاں طرف جنت ، وارث شاہ دی واگ نہ موڑیا جے

کریں آکڑاں کھاء کے دُدھ چاول ایہہ رَج کے کھان دِیاں مستیاں نیں
آکھن دیورے نال نہال ہوئیاں سانوں سب شریکنیاں ہسدیاں نیں

ایہہ رانجھے دے نال ہین گھیو شکر پر جیو دا بھیت نہ دسدیاں نیں
رَناں ڈِگدیاں ویکھ کے چھیل مُنڈا اجویں شہد وِچ مکھیاں پھسدیاں نیں

اِک تُوں کلنک ہیں اَساں لگا، ہور سبھ سُکھالیاں وسدیاں نیں
